مورخہ 14-06-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پاک جاپان تعاون بڑھانے کے روشن امکانات ہیں، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کوئٹہ میں چھوٹے کاروبار کو بھرپور تحفظ دیا جائیگا، وزیر اعلیٰ بزنجو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں سے نقل مکانی شروع اور ماڑہ میں سمندر بپھر گیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | بلوچ قوم کی ترقی اور اتفاق اور اتحاد میں عمائدین زمہ داریاں نبھائیں، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | بی اے پی ہماری پہنچان وزیر اعلیٰ بزنجو کی قیادت میں متحد ہیں، ترجمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | عوام نے ساتھ دیا بدلے میں بلاتفریق خدمت کر رہے ہیں، سردار صالح بھوتانی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | حکومت مدت مکمل کرنے کے بعد عام انتخابات کا اعلان کرے گی، مولانا عبدالواسع | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | مضبوط انفراسٹرکچر بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان کو 37 ارب ادا کر چکے ہیں سیکرٹری پیٹرولیم بقایا 12 ارب بھی دیئے جائیں، وفاقی وزیر خزانہ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | گوادر کو اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ بنا کر ٹیکس چھوٹ دیں گے، احسن اقبال | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | پر جوائے بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سمندر بپھر گیا، پسنی اور ماڑہ میں پانی داخل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان ہائی کورٹ خاتون محتسب آفس میں تعیناتیاں روکنے کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | حکومت کا عوامی نوعیت کے منصوبوں کو آئندہ بجٹ کا حصہ بنانے کا فیصلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو خدمات انجام نہیں دینگے، میڈیکل ٹیچرز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | صوبائی بجٹ میں تنخواہوں میں 35 فیصد اضافہ نہ کیا تو سخت احتجاج کرینگے، اپیکا بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | جی ٹی اے بھوک ہڑتال ساتویں روز بھی اکثر اساتذہ کی طبیعت خراب | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | سرکاری اور عوام کی اراضی پر قبضہ کیا جا رہا ہے، منظور کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

بارکھان کے قریب بارودی سرنگ دھماکے میں دو افراد جاں بحق، کوئٹہ کے مختلف علاقوں سے طالب علم سمیت دو افراد کی لاشیں برآمد، پولیس کی مختلف کاروائیوں میں خاتون سمیت 13 ملزمان گرفتار، کوئٹہ اسپینی روڈ پر قتل ہونے والی ماں بیٹی کا قاتل گرفتار کر لیا گیا، مچھ سیاحتی مقام قابوئی سے تین لاشیں برآمد، تینوں کو گولی مار کر ہلاک کیا گیا، جعفر آباد نازیبا ویڈیوز بنا کر لوگوں کو بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار

مورخہ 14-06-2023

## عوامی مسائل

پنجرہ پل کی عدم تعمیر اور قومی شاہراہ کی خستہ حالی وبال جان گئی، حادثات معمول بن گئے، کیمیکل ملے دودھ سے قلفیاں مٹھائی اور بیکری آئٹم سے بچے بڑے بیمار، بیس ہزار من گندم روزانہ سندھ سمگلنگ انتظامیہ خاموش تماشائی، خواتین کو وراثت میں حق کے پی اسلام آباد اور پنجاب میں حاصل بلوچستان نظر انداز

## اداریہ:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **حکومت تعلیم کی بہتری سمیت ترقیاتی کاموں کے لئے اقدامات کر رہی ہے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس چیئرمین کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ گورننگ باڈی کے اجلاس میں کیوڈی اے کے جاری و مجوزہ ترقیاتی منصوبوں اور دیگر متعلقہ اہم فیصلے کئے گئے وزیر اعلیٰ نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کی اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری کیوڈی اے شاہینہ کاکڑ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اور حکومت کی اس حوالے سے عدم دلچسپی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آج تک اس وبا کی جڑ تک پہنچے کیلئے کوئی ریسرچ سینٹر بھی قائم نہیں کیا چالیس برسوں سے عوام اس بیماری کا شکار ہو رہے ہیں مگر اس کی روک تھام کیلئے اقدامات نظر نہیں آ رہے، ادھر تربت شہر سمیت ضلع کیچ میں ڈینگی وائرس کے سبب جہاں لاتعداد افراد متاثر ہو رہے ہیں وہاں اس کے باعث ہلاکتوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے حال ہی میں شاہی تم کا رہائشی نوجوان ڈینگی کا شکار ہو کر علاج کیلئے کراچی منتقل کیا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہو سکا صوبائی حکومت کے لئے کتنے افسوس کا مقام ہے کہ چھوٹی سی آبادی والے صوبے کو بھی وبائی امراض سے بچاؤ کیلئے بھی علاج میسر نہیں ہے،

## اداریے:

"روزنامہ مشرق کوئٹہ " "**مہنگائی کے آگے موثر باندھنے کی ضرورت**" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ "**سمندری طوفان اور موسمیاتی تبدیلیاں** "عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ نوجوانوں کی روزگار کی فراہمی کیلئے پرعزم** " عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Masses expectations " عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**بلوچستان کا سخت موقف وفاق نے تحفظات دور کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی**" عنوان سے رضا الرحمان کا تجزیہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 14 JUN 2023 Page No: 1


## پاک جاپان تعاون بڑھانے کے روشن امکانات ہیں، گورنر بلوچستان

ہر مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا، حکومت سرمایہ کاروں کو ہر قسم کا تحفظ فراہم کریگی، ڈپٹی قونصل جنرل سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں اور کئی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید بڑھانے کے روشن امکانات بھی ہیں، جاپان نے ہر مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا ہے، قدرتی آفات ہو یا انسانی وسائل کی ترقی کا معاملہ جاپان کا بھرپور تعاون ہمیں حاصل رہا ہے اور ہمیں امید ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری، عام لوگوں کی فلاح وبہبود کے منصوبے اور دیگر شعبے میں جاپان کے تعاون اور مدد میں مزید توسیع ہوگی، یہ بات انہوں نے پاکستان میں تعینات جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل (Mr. Nakagawa Yasushi) سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ صنعتی طور پر جاپان ایک ترقی یافتہ ملک ہے جسے نوجوان افرادی قوت کی ضرورت بھی رہتی ہے جبکہ ہمارے ہاں نوجوان نسل آبادی کا بڑا حصہ ہے جن میں ہنرمند اور غیر ہنرمند دونوں قسم کے نوجوان شامل ہیں، انہوں نے کہا کہ جاپان ہمارے نوجوان کی تعلیم وٹریننگ خاص طور سے ٹیکنیکل ایجوکیشن فراہم کرنے میں ہماری مدد کرسکتا ہے جبکہ ہم جاپان کو نوجوان افرادی قوت کی فراہمی میں موثر مدد دے سکتے ہیں، گورنر بلوچستان نے اس توقع کا اظہار کیا کہ جاپان تعلیم اور خاص کر ٹیکنیکل تعلیم کے شعبے میں ہمارے نوجوانوں کو سکالرشپ مہیا کرسکتا ہے، گورنر بلوچستان نے کہا کہ یہاں امن وامان کی صورتحال خاصی بہتری آئی ہے، اس کے علاوہ معدنیات سے لیکر ماہی گیری تک کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقع موجود ہیں، اس سلسلے میں حکومت سرمایہ کاروں کو ہر قسم کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے تیار ہے، انہوں نے کہا کہ مختلف قسم کے قدرتی آفات سے نمٹنے میں جاپان کو خاص تجربہ حاصل ہے اور بلوچستان میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ادارے میں استعداد کار بہتر بنانے کیلئے جاپان ہماری بامعنی فکری رہنمائی کرسکتا ہے، انہوں نے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اب تک فراہم کئے گئے تعاون پر جاپان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں جدید مشینری کی فراہمی میں جاپان مزید امداد مہیا کریگا اور پاکستان عوام میں جاپانی عوام کیلئے موجود محبت میں اضافہ ہوگا۔


MASHRIQ QUETTA


## پاک جاپان تعلقات کو مزید بہتر بنایا جائیگا عبدالولی خان کاکڑ

جاپان نے ہر مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا ہے، قدرتی آفات ہوں یا انسانی وسائل کی ترقی کا معاملہ جاپان کا بھرپور تعاون ہمیں حاصل رہا ہے

امید ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری، عام لوگوں کی فلاح وبہبود کے منصوبے اور دیگر شعبے میں جاپان کے تعاون اور مدد میں مزید توسیع ہوگی

بلوچستان میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ادارے میں استعداد کار بہتر بنانے کیلئے جاپان ہماری بامعنی فکری رہنمائی کرسکتا ہے، جاپانی ڈپٹی قونصل جنرل سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں اور کئی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید بڑھانے کے روشن امکانات بھی ہیں. جاپان نے ہر مشکل وقت میں ہمارا ساتھ و.........


بقیہ 5 صفحہ نمبر 9


یا ہے، قدرتی آفات ہوں یا انسانی وسائل کی ترقی کا معاملہ جاپان کا بھرپور تعاون ہمیں حاصل رہا ہے اور ہمیں امید ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری، عام لوگوں کی فلاح وبہبود کے منصوبے اور دیگر شعبے میں جاپان کے تعاون اور مدد میں مزید توسیع ہوگی. یہ بات انہوں نے پاکستان میں تعینات جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل ( Mr. Nakagawa Yasushi ) سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ صنعتی طور پر جاپان ایک ترقی یافتہ ملک ہے

# Kakar for further enhancing bilateral ties with Japan

## Deputy CG of Japan calls on Governor



**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that there are good relations between Pakistan and Japan and there are bright prospects for further expansion of bilateral cooperation in many fields.

Japan has supported us in all difficult times, especially during natural calamities and human resource development, we have received Japan's full support and we hope that investment in Balochistan

Japan's cooperation and assistance will be further expanded. He said this while talking to the Deputy Consul General of Japan Mr. Nakagawa Yasushi to Pakistan.

On this occasion, Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that Japan is a developed country that needs young manpower, while we have a large part of the young population, including both skilled and unskilled youth.

He said that Japan can help us in providing education and training of our youth, especially technical education, while we can help Japan effectively in providing young manpower.

Governor Balochistan expressed the expectation that Japan can provide scholarships to our youth in the field of education and especially technical education. Governor Balochistan said that the law and order situation has significantly improved here. Apart from this, there are profitable investment opportunities in sectors ranging from minerals to fishing.

In this regard, the government is ready to provide all kinds of protection to the investors. He said that Japan has special experience in dealing with different types of natural disasters and Japan can give us meaningful intellectual guidance to improve the efficiency of the disaster management institution in Balochistan.

He thanked Japan for the cooperation provided so far in the fields of education and health and hoped that Japan would provide more assistance in providing modern machinery in hospitals and educational institutions and in the love of the Japanese people among the people of Pakistan.

## کوئٹہ میں چھوٹے کاروبار کو بھرپور تحفظ دیا جائیگا، وزیراعلیٰ بزنجو

**دیگر اداروں کو بھی نرم رویہ رکھنے کی ہدایت**

**ہمارے وسائل محدود، حکومت سب کو روزگار نہیں دے سکتی، محنت مزدوری اور کاروبار سے گھروں کے چولہے روشن ہیں، بیان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں چھوٹے پیمانے پر کاروبار کرنے والوں کے کاروبار کو بھرپور تحفظ دیا جائیگا، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کو بھی انکے ساتھ نرم رویہ رکھنے کی ہدایت جاری کردی گئی ہے، وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ روزگار کے مواقعوں کی کمی کے باعث لوگ چھوٹے پیمانے پر کم لاگت کا کاروبار کر کے اپنے خاندانوں کا معاش پیدا کر رہے ہیں اور محنت مزدوری اور کاروبار سے بہت سے گھروں کے چولہے روشن ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت نوجوانوں کو ملازمتیں فراہم کر رہی ہے تاہم محدود وسائل کے باعث حکومت تمام بیروزگاروں کو روزگار نہیں دے سکتی وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں فیکٹریاں اور نجی شعبہ نہ ہونے کے برابر ہیں اگر لوگوں کا یہ کاروبار بھی بند ہوتا ہے تو بہت سے گھرانوں کے چولہے بجھ جائیں گے عوامی سیاسی و سماجی حلقوں کی جانب سے وزیراعلیٰ کے اس اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ نے بہت سے لوگوں کا ذریعہ معاش بند ہونے سے بچالیا۔

## وزیراعلیٰ نے جامعات کی تنخواہوں کیلئے فنڈز کی منظوری دیدی

**558.091 ملین روپے کے بیل آؤٹ پیکیج سے اساتذہ و اسٹاف کی تنخواہیں ادا کی جائیں گی**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے یونیورسٹیز، یونیورسٹی آف تربت، ایس بی کے یونیورسٹی اور لسبیلہ یونیورسٹی کے اساتذہ اور سٹاف کی دو ماہ کی تنخواہوں کے فنڈز کے اجراء کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ نے یونیورسٹیوں کو بیل آؤٹ پیکیج کی مد میں مجموعی طور پر 558.091 ملین روپے کے اجراء کی منظوری دی وزیراعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ تعلیم کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن کی جانب سے ارسال کی جانے والی سمری پر دی۔ وزیراعلیٰ کی جانب سے جاری کردہ فنڈز سے یونیورسٹیوں کے ملازمین کو مئی اور جون 2023 کی تنخواہوں کی ادائیگی کی جائے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## چھوٹے پیمانے پر کاروبار کرنیوالوں کو بھرپور تحفظ دیا جائیگا، عبدالقدوس بزنجو

**صوبے میں فیکٹریاں اور نجی شعبہ نہ ہونے کے برابر ہے، اگر لوگوں کا یہ کاروبار بھی بند ہوتا ہے تو بہت سے گھرانوں کے چولہے بجھ جائیں گے**

**روزگار کے مواقعوں کی کمی کے باعث لوگ چھوٹے پیمانے پر کم لاگت کا کاروبار کر کے اپنے خاندانوں کا معاش پیدا کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ**

**وزیراعلیٰ نے یونیورسٹیز، یونیورسٹی آف تربت، ایس بی کے یونیورسٹی اور لسبیلہ یونیورسٹی کے اساتذہ اور اسٹاف کی تنخواہوں کے فنڈز کی منظوری دیدی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں چھوٹے پیمانے پر کاروبار کرنے والوں کے کاروبار کو بھرپور تحفظ دیا جائیگا پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کو بھی انکے ساتھ نرم رویہ رکھنے کی ہدایت جار........

بقیہ 6 صفحہ نمبر 9 پر

ی کردی گئی ہے وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ روزگار کے مواقعوں کی کمی کے باعث لوگ چھوٹے پیمانے پر کم لاگت کا کاروبار کر کے اپنے خاندانوں کا معاش پیدا کر رہے ہیں اور محنت مزدوری اور کاروبار سے بہت سے گھروں کے چولہے روشن ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت نوجوانوں کو ملازمتیں فراہم کر رہی ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

**Daily:** Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 14 JUN 2023 Page No: 5

# Bizenjo removes ban on Iranian petrol trade

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Abdul Qudus Bizenjo has taken notice of the ban on the sale of Iranian petrol in Quetta city and its surroundings and said that due to the lack of employment opportunities, people are protecting themselves and their families from the sale of Iranian petrol.

In a statement issued on Tuesday, he directed the IG Police to immediately remove the ban and said that if the Iranian petrol If the business is closed, the stoves of many families will go out, the Balochistan government is providing jobs to the youth, due to limited resources, the government cannot provide employment to all the unemployed, factories and private sector are not equal. Directed the police to give immediate permission to continue the business of Iranian gasoline in open places and highways. On the instructions of Prime Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo, IG Police Abdul Khaliq Sheikh to end the ban and crackdown on the business of Iranian gasoline. However, there will be a ban on the sale of Iranian petrol in densely populated residential areas.

Welcoming the initiative of the Chief Minister on behalf of public political and social circles, he said that the Chief Minister has saved the livelihood of many people. .

Moreover, Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo has approved the release of funds for two months' salaries of teachers and staff of BUITEMS, University of Turbat, SBK University and Lasbela University.

The Chief Minister approved the release of a total of 558.091 million rupees to universities as a bailout package. May and June 2023 salaries will be paid to university employees.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has appealed to the people and fishermen of the coastal areas to cooperate with the administration while the fishermen avoid going to the sea.

In the statement issued by the Chief Minister of Balochistan, it has been said that the coastal areas of Balochistan are threatened by the storm Biparjoy and the government of the coastal areas. It is trying to protect the life and property of the people.

In this regard, the relevant departments are deployed in the coastal areas with machinery and other resources. While the provincial government is ready to deal with any kind of emergency.

DGP DMA Jahanzeb Khan and other officials visited Ormara and met the Commander of Ormara Base of Pakistan Navy. In the meeting, the security of the fishing boats was discussed with the Navy officials. The Navy officials have assured the protection of the fishing boats along the coastline.

# Balochistan coastal belt put on high alert

**Staff Report**

**QUETTA**: The government of Balochistan has declared a high alert in the coastal areas of the province as Cyclone Biparjoy continues to grow in the Arabian Sea and nears Makran Belt.

Section 144 has been declared in the coastal belt on the directives of Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo.

All departments and law enforcement agencies have been put on high alert to tackle the situation. The leaves of all government employees in the Makran Belt have been cancelled in view of the looming threat, an official handout issued on Monday revealed.

Bizenjo has directed the commissioners of Makran and Kalat divisions to boost coordination and place all departments on high alert to avert any untoward incident.

He directed that coordination should be established among law enforcement agencies (LEAs), civil administration and all relevant agencies in this regard.

He also instructed the relevant departments to actively engage and seek input from fishermen, who possess profound knowledge of the sea.

Provincial Disaster Management Authority (PDMA) Director General (DG) Jehanzaib Khan briefed the chief minister on the preparation for a relief operation in view of the looming threat.

The Director-General of PDMA, along with his team of experts and relief equipment, is currently stationed in Gwadar. They are closely monitoring the cyclone situation and actively coordinating relief efforts.

The CM ordered timely preparations to effectively deal with all kinds of emergency situations in sea storms.

On the direction of Director General Balochistan Coastal Development Naseer Ahmad Nasir, BCDA is in touch with the relevant agencies to deal with any emergency in view of the possible impact of Cyclone Biperjoy on the Balochistan Coastal Belt.

BCDA has said that in view of Cyclone Biperjoy, we are on board with PDMA and the local administration and are always ready to provide all possible assistance in this regard keeping in mind the progress and possible impact of the cyclone on Balochistan. He said that BCDA believes in the implementation of the basic principles of environmental protection. In this regard, the projects for the development of coastal plants for sustainable protection of the ecosystem and the prevention of coastal erosion are a manifestation of the fact that the BCDA coast of Balochistan is free from all kinds of environmental problems and naturally safe.

# مضبوط انفراسٹرکچر بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران

**صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، معیار اور شفافیت کا ہر ممکن خیال رکھا جائے، وزیر مواصلات و تعمیرات کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھانا حکومت کی اولین ترجیح ہے وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر مواصلاتی نظام کی بہتری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ چیف انجینئر ڈیزائن سجاد بلوچ ٹیکنیکل ایڈوائزر بختیار کاکڑ سمیت صوبہ بھر سے تعلق رکھنے والے انجینئر اور آفیسران موجود تھے ٹیکنیکل ایڈوائزر محکمہ مواصلات و تعمیرات سجاد بلوچ نے صوبے میں جاری روڈ سیکٹر کے حوالے سے بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا اعلیٰ معیار یقینی بنایا جائے تمام منصوبوں میں شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ مضبوط انفراسٹرکچر بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں روز اول سے صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے کوشاں ہے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے مزید کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ کی سربراہی میں محکمہ کے تمام انجینئر آفیسران کے ساتھ مل کر صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے محنت اور لگن سے کام کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ روز اول سے محکمہ میں میرٹ کو ترجیح دی جس کی وجہ سے محکمہ کا مورال بلند ہوا صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران نے ہدایت کی کہ صوبے میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے تاکہ ان منصوبوں کے مکمل ہونے سے صوبے کے عوام کو اس کے ثمرات مل سکیں۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان کو 37 ارب ادا کر چکے، سیکرٹری پیٹرولیم، بقایا 12 ارب بھی دیئے جائیں

وفاقی وزیر خزانہ

**وفاقی حکومت نے صوبائی حکومت کو پی پی ایل کی مد میں 46 ارب روپے ادا کرنے تھے، ہم 10 ارب سہ ماہی ادا کریں گے، سیکریٹری پیٹرولیم**

**بلوچستان کو پیسوں کی ضرورت ہے، 32 ارب کی ادائیگی کی ہدایت کا کیا بنا، صادق سنجرانی، خصوصی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب**

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت بلوچستان کے مسائل سے متعلق

بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر

خصوصی کمیٹی کا اجلاس ہوا وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی پی پی ایل کی مد میں بلوچستان حکومت کو فوری طور پر 12 ارب روپے ادا کرنے کی ہدایت کر دی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بلوچستان حکومت کو پیسوں کی ضرورت ہے وزیراعظم نے 32 ارب کی ادائیگی کی ہدایت کی اس کا کیا بنا، سیکرٹری پیٹرولیم نے کہا کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان حکومت کو پی پی ایل کی مد میں 46 ارب روپے ادا کرنے تھے بلوچستان حکومت کو اب تک 37 ارب روپے ادا ہو چکے ہیں وفاقی حکومت نے بلوچستان حکومت کو گیس لیز توسیع معاہدے کے تحت 37 ارب مزید ادا کرنے ہیں۔

# گوادر کو اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ بنا کر ٹیکس چھوٹ دیں گے، احسن اقبال

**وفاقی حکومت کو گوادر کو 20 سال تک ٹیکس فری چھوٹ دلانے پر راضی کرنے کی کوشش کریں گے، وفاقی وزیر**

**بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سیاحت کے فروغ کیلئے فوری طور پر منصوبے شروع کئے جائیں، وفد کی درخواست**

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کو یقین دہانی کرائی ہے کہ گوادر کو اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ دے کر جی ایس ای ڈی کو 10 سے 20 سال تک ٹیکس کی چھوٹ دی جائے گی۔ یہ یقین دہانی انہوں نے آباد کے وفد سے ملاقات کے دوران کرائی ہے۔ آباد وفد کی قیادت سدرن ریجن کے چیئرمین راحیل رنج کر رہے تھے جبکہ اس وفد میں سابق چیئرمین آباد عارف جیوا، آباد گوادر چیپٹر کے ممبر عثمان قریشی اور ہمایو قادر بھی شامل تھے۔ آباد کے وفد نے گوادر کی اہمیت کو اجاگر

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال سے درخواست کی کہ وہ گوادر کو خصوصی اقتصادی ضلع کا درجہ دینے کا معاملہ وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ اٹھائیں تاکہ اس عمل کو تیز کیا جاسکے۔ وفد نے کہا کہ بلوچستان کی حکومت پہلے ہی گوادر کو اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ دینے کی منظوری دے چکی ہے۔ انھوں نے وفاقی وزیر سے درخواست کی کہ ملک کی معاشی ترقی کے لیے جلد از جلد گوادر کو اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا اعلان کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 14 JUN 2023 Page No: 11


# صوبائی بجٹ میں تنخواہوں میں 35 فیصد اضافہ نہ کیا تو سخت احتجاج کرینگے، ایپکا بلوچستان

## صوبائی حکومت نے وفاقی حکومت کے برعکس تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ کیا تو ایپکا بلوچستان مل کر احتجاج کریگی، داد محمد بلوچ و دیگر

## پندرہ جون کو ایپکا بلوچستان بھر میں پریس کلبز کے سامنے احتجاجی مظاہرے کریگی میٹروپولیٹن کوئٹہ کے سبزہ زار سے ریلی نکالی جائے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر داد محمد بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں میں 35 فیصد اضافے کا اعلان کرے بصورت دیگر ایپکا سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ یہ بات انہوں نے منگل کو حاجی عبداللہ جان صافی، یور محمد بازئی، منظور نوشاد، حاجی اصغر ہنکوئی، رحمت اللہ زہری، علی نواز شاہوانی، حاجی ارشاد، ارباب عبدالخالق کاسی اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ داد محمد بلوچ نے کہا کہ 8 اور 9 جون کو اسلام آباد میں پارلیمنٹ.......

بقیہ نمبر 70 صفحہ 9 پر

ہاؤس کے سامنے ملک بھر کے ملازمین سمیت ایپکا کے ہزاروں ممبران نے دو دن تک بھرپور احتجاج کیا اس احتجاج کی بدولت وفاقی حکومت نے مجبور ہوکر گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کی تنخواہوں میں 35 فیصد جبکہ گریڈ 17 سے 22 تک کے ملازمین کی تنخواہوں میں 30 فیصد اضافہ کرنے کا اعلان کیا اسی طرح دیگر صوبے بھی وفاقی حکومت کی طرز پر اپنے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کر رہے ہیں ہمیں امید ہے کہ بلوچستان حکومت بھی اپنے بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں میں وفاقی حکومت کی طرز پر 35 اور 30 فیصد اضافہ کریگی۔ انہوں نے کہا کہ 2021ء میں ملازمین کے احتجاج کی بدولت ڈی آر اے 25 فیصد اور سال 2022ء میں ڈی آر اے 15 فیصد کی مد میں ملک بھر کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا لیکن بدقسمتی سے بلوچستان کی تمام ملازمین تنظیموں کے احتجاج کے باوجود ڈی آر اے کی مد میں 10 فیصد تاحال بقایا جات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر صوبائی حکومت نے وفاقی حکومت کے برعکس تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ کیا تو پھر ایپکا بلوچستان تمام ملازمین کے ساتھ ملکر احتجاج کریگی اس سلسلے میں 15 جون کو ایپکا بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان بھر میں پریس کلبز کے سامنے احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے اور کوئٹہ میں ایپکا میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار سے ایک ریلی نکالی جائے گی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی جی پی او چوک پہنچے گی جہاں مظاہرہ کیا جائے گا۔

# جی ٹی اے کی بھوک ہڑتال ساتویں روز بھی جاری اکثر اساتذہ کی طبیعت خراب

## تین اساتذہ کو تشویشناک حالت میں سول ہسپتال منتقل کردیا گیا بعض اساتذہ نے طبی امداد کیلئے ہسپتال جانے انکار کردیا

## ڈاکٹروں نے بھوک ہڑتالی اساتذہ کو کیمپ میں ابتدائی طبی امداد فراہم کی، مطالبات تسلیم کیے جائیں، داد محمد بلوچ و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اپنے مطالبات کے حل کیلئے بلوچستان اسمبلی کے سامنے اساتذہ کی بھوک ہڑتال ساتویں روز بھی جاری رہی بھوک ہڑتال کے باعث اکثر اساتذہ کی طبیعت خراب ہوئی جن میں 3 اساتذہ کو تشویشناک حالت میں سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کردیا گیا جبکہ بعض اساتذہ نے طبی امداد کیلئے ہسپتال جانے انکار کردیا جس پر ڈاکٹروں نے بھوک ہڑتالی اساتذہ کو کیمپ میں ابتدائی طبی امداد فراہم کی منگل کو آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) کے صوبائی صدر داد محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری عبد.......

بقیہ نمبر 71 صفحہ 9 پر

اللہ صافی، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صدر مولانا عبدالقادر لونی، آل پاکستان کلرک اینڈ میکینکل ایسوسی ایشن کے صدر شمس اللہ سمیت سیاسی جماعتوں، وکلاء، سول سوسائٹی، وکلاء اور دیگر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے احتجاجی کیمپ آکر اساتذہ سے اظہار یکجہتی کیا۔ اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے داد محمد بلوچ اور مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ دنیا بھر میں اساتذہ کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے لیکن بلوچستان میں پیغمبرانہ پیشے سے تعلق رکھنے والے اساتذہ اپنے جائز مطالبات کے حل کیلئے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں

# جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا بجٹ میں جامعات کیلئے 10 ارب روپے مختص کرنے کیلئے احتجاجی مظاہرہ

## دس ارب روپے مختص نہیں کئے تو سال بھر تمام جامعات سخت مالی بحران کا شکار ہوں گی اور جامعات میں احتجاجی مظاہرے اور ہڑتالیں ہوں گی

## وفاقی حکومت نے 14 ہزار 600 ارب روپے کے بجٹ میں جامعات کی ریکرنگ بجٹ کیلئے 65 ارب روپے مختص کیے جو انتہائی ناکافی ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان وفپ اسا بلوچستان چیپٹر کے زیر اہتمام صوبائی حکومت کی سالانہ بجٹ میں صوبے کی تمام جامعات کے لئے 10 ارب روپے مختص کرنے کیلئے پریس کلب کوئٹہ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے میں جامعہ بلوچستان بیوٹمز، تربت، لورالائی اور خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کے اساتذہ، آفیسران اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی مظاہرین نے بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر اپنے مطالبات کے حق میں نعرے درج تھے مظاہرین سے پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، شاہد علی بگٹی، پروفیسر.......

بقیہ نمبر 68 صفحہ 9 پر

فرید خان اچکزئی، پروفیسر نعمان کاکڑ، نعمت اللہ کاکڑ، گل جان کاکڑ، پروفیسر ارسلان شاہ، پروفیسر عبدالباقی جتک، پروفیسر سہیل انور بلوچ اور سید شاہ بابر نے خطاب کیا جبکہ نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی سیکرٹری اجمل خان ناصر نے اظہار یکجہتی کے لئے شرکت کی مقررین نے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت صوبے کی جامعات کے لئے اپنے سالانہ بجٹ 24-2023 میں کم از کم 10 ارب روپے مختص کرے تاکہ جامعات بہتر طور پر چل سکیں اگر جامعات کے لئے 10 ارب روپے مختص نہیں کئے تو سال بھر تمام جامعات سخت مالی بحران کا شکار ہونگے اور جامعات میں احتجاجی مظاہرے اور ہڑتالیں ہونگی مقررین نے واضح کیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 85 DATE: 14 JUN 2023 Page No: 16


## حادثات معمول بن گئے

# پنجرہ پل کی عدم تعمیر اور قومی شاہراہ کی خستہ حالی وبال جان بن گئی

گزشتہ سال اگست میں پنجرہ پل بہہ جانے کے بعد عارضی طور پر ایک ناقص اور کچہ متبادل راستہ بنا کر این ایچ اے خود منظر سے غائب، معاملہ کھٹائی میں

مون سون بارشوں سے قبل پل اور روڈ کا کام شروع نہ کیا تو تاجر کاروباری تنظیمیں، وکلاء اور عام شہریوں کی مشترکہ تحریک کا آغاز کیا جائے گا، سول سوسائٹی

ڈھاڈر (رپورٹ اسلم بوہڑ نمائندہ خصوصی) این ایچ اے کی ہٹ دھرمی بولان قومی شاہراہ عوام کے لئے وبال جان بن گئی ٹرالر الٹنے سے 20 گھنٹے روڈ بند ہونے سے مسافر گرمی سے بدحال تفصیلات کے مطابق گزشتہ سال کی شدید بارشوں اور سیلاب سے پنجرہ پل بہہ جانے کے بعد بلوچستان کی معروف قدیم تاریخی شاہراہ بولان نیشنل ہائی وے جو صوبے کو اندرون و بیرون ملک افغانستان ایران دیگر حصوں سے ملانے اور تجارت و کاروبار کے لیے آمد و رفت کا اہم ذریعہ اور مشہور گزرگاہ ہے جس پر روزانہ لاکھوں افراد اور ہزاروں مال بردار گاڑیاں اور عام ٹرانسپورٹ سفر کرتی نظر آتی ہیں عام مسافروں کے علاوہ کروڑوں اربوں روپے کا کاروبار کرنے والے لوگ اس راستے سے منسلک ہیں اور ٹیکس کی مد میں حکومت کو خاطر خواہ آمدن ملتی ہے اس لیکن نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی نظر میں اس قومی گزرگاہ کی کوئی قیمت اور اہمیت نہیں جس کی واضح مثال یہ ہے کہ گزشتہ سال اگست میں پنجرہ پل بہہ جانے کے بعد عارضی طور پر ایک ناقص اور کچہ متبادل راستہ بنا کر خود منظر سے غائب ہے اور عوام کو ٹھیکیداروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے ایسے لگتا ہے کہ نیشنل ہائی وے کے متعلقہ عملے اور ٹھیکیدار کی ملی بھگت سے وادی بولان جیسی خوبصورت شاہراہ کو کمائی کا ذریعہ سمجھ کر پل کی مستقل تعمیر کو جان بوجھ کر کھٹائی میں ڈال دیا گیا ہے تاکہ عارضی مرمت کے نام پر قومی خزانے سے بھاری رقم ہڑپ کرنے کا سلسلہ جاری رہے دوسری طرف عوام الناس اور مسافروں کی تکلیفوں اور گرمی کی شدت سے بچوں بوڑھوں خواتین اور مریضوں حتیٰ کہ ٹرکوں میں لدے بے زبان جانوروں کے خراب موسم میں آگ اگلتے پہاڑوں کے درمیان کئی کئی دن تک پھنسے تڑپنے اور ان کی بدحالی اور انسانی جانوں کے ضیاں کا کسی کو احساس نہیں کہ ایک سال کا عرصہ مکمل ہونے کو ہے مگر پل کی عدم تعمیر اور تاریخی شاہراہ کی خستہ حالی کا کسی نے نوٹس نہیں لیا بلکہ پورے علاقے نصیر آباد ڈویژن بالخصوص بولان پر اپنا حق جتانے اور عوامی نمائندگی کے دعویداروں نے اس اہم معاملے پر مکمل لاتعلقی اختیار کرنے سے بدعنوان افراد کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے عوامی اور سیاسی حلقوں نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی بولان میں پلوں اور شاہراہ کی تعمیر میں ہٹ دھرمی اور بلوچستان سمیت چاروں صوبوں کے عوام کے ساتھ حق تلفی اور ناانصافی پر شدید غم و غصہ اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر مون سون بارشوں سے قبل پل اور روڈ کا کام شروع نہیں کیا تو سیاسی سماجی تاجر کاروباری تنظیمیں وکلاء اور عام شہریوں کی مشترکہ تحریک کا آغاز کیا جائے گا انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت وزیر مواصلات و تعمیرات سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس حساس مسئلے پر سنجیدگی سے غور کریں اور عوام کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات دلائیں

# کیمیکل ملے دودھ سے قلفیاں، مٹھائی اور بیکری آئٹم سے بچے بڑے بیمار

ہر دودھ فروش گھروں میں واشنگ مشین پر دودھ بنا رہا ہے، ایرانی ایکسپائر خشک دودھ بھی دھڑلے سے فروخت کیا جارہا

معصوم بچے پیٹ اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا، لاغر ہو کر موت کی آغوش میں چلے جاتے ہیں، پابندی عائد کی جائے، شہری

ورالائی (رپورٹ ملک امانت حسین کاکڑ) زہر آلود خشک دودھ اور کیمیکل ملے دودھ سے بنائے جانے والے آئٹم۔ دودھ، دہی، قلفیاں، مٹھائی اور بیکری آئٹم کے استعمال سے عوام خاص کر معصوم بچے پیٹ اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں بجائے صحت مند ہونے کے لاغر ہو کر موت کی آغوش میں چلے جاتے ہیں اسی طرح بوڑھے لوگ بھی پیٹ کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں ایرانی ایکسپائر زہر آلود خشک دودھ اور کیمیکل کا استعمال عام ہے اور تقریباً ہر دودھ فروش نے گھروں میں واشنگ مشینیں رکھ کر ڈیری فارم بنائے ہوئے ہیں اور گائے یا بھینس کے بغیر واشنگ مشین سے دودھ حاصل کر رہے ہیں اگر فوری طور پر کیمیکل ملا دودھ کے فروخت پر پابندی نہیں لگائی گئی تو معصوم بچوں اور بوڑھوں کی مزید اموات کے خطرات منڈلا رہے ہیں لورالائی شہر میں اس وقت سب سے منافع والا کاروبار دودھ دہی کا ہے اور ہر تیسری دکان ملک شاپ کی ہے تفصیلات کے مطابق ایرانی خشک دودھ اور کیمیکل ملا دودھ شہر میں دھڑلے سے فروخت کیا جا رہا ہے دودھ پینے سے معصوم بچے پیٹ کی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں اسی طرح دہی بھی زہر آلود پوڈر سے بنا کر فروخت کیا جا رہا ہے عوامی حلقوں نے محکمہ فوڈ اور اسسٹنٹ کمشنر لورالائی سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی شہر میں دو نمبر ایرانی ایکسپائر اور زہر آلود پوڈر سے دودھ، دہی، قلفیاں اور بیکری آئٹم مٹھائی اور بسکٹ بنانے والوں کو آڑھے ہاتھوں لیکر ان کے خلاف کارروائی کر کے ان کی دکانیں سیل کی جائیں اور قرار واقعی سزا دی جائے۔

# بیس ہزار من گندم روزانہ سندھ سمگلنگ، انتظامیہ خاموش تماشائی

بلوچستان سے باہر گندم کی نقل و حرکت پر سختی سے پابندی عائد ہونے کے باوجود اوستا محمد سے روزانہ سمگلنگ جاری

انتظامیہ اور محکمہ خوراک کے افسران نے چپ کا روزہ رکھ لیا، چیف سیکرٹری بلوچستان نوٹس لیں، عوامی حلقوں کا مطالبہ

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) بلوچستان حکومت اور محکمہ خوراک بلوچستان کے احکامات ہوا میں اڑ گئے گندم کی سمگلنگ عروج پر پندرہ سے بیس ہزار من گندم سندھ روزانہ کی بنیاد پر جارہا ہے انتظامیہ اور محکمہ خوراک کے افسران نے چپ کا روزہ رکھا ہے محکمہ خوراک بلوچستان نے گندم خریداری ہدف پوری کر لی اس کے باوجود افسران نے اوستا محمد میں ڈیرہ جما رکھا ہے حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لے اوستا محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سے باہر گندم کی نقل و حرکت پر سختی سے پابندی عائد ہونے کے باوجود اوستا محمد سے روزانہ کی بنیاد پر ہیوی گاڑیوں کے ذریعے پندرہ سے بیس ہزار من گندم سندھ غیر قانونی طریقے سے لے جایا جارہا ہے آمد اطلاعات کے مطابق گندم سندھ سمگلنگ کرنے میں محکمہ خوراک کے افسران مبینہ طور پر ملوث ہیں واضح رہے کہ محکمہ خوراک بلوچستان نے گندم کی خریداری ہدف پوری کر لی ہے اس کے باوجود محکمہ خوراک کے افسران نے اوستا محمد میں ڈیرے جما لیے ہیں اوستا محمد کے عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی بلوچستان سے باہر نقل و حرکت پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بناتے ہوئے ملوث اہلکاروں کے خلاف قانون کے تحت سخت کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 14 JUN 2023 Page No: 18


## مہنگائی کے آگے موثر بند باندھنے کی ضرورت!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں ان دنوں نہ صرف ملک کے سیاسی منظرنامے پر شد و مد سے بحث مباحثوں کا سلسلہ جاری ہے بلکہ حکومت کی معاشی پالیسیاں اور خصوصیت کے ساتھ اگلے مالی سالی کی وفاقی ترجیحات اور اہداف پر بھی تجزیوں تبصروں کا سلسلہ جاری ہے وفاقی حکومت کے پیش کردہ بجٹ کے حوالے سے اگر بات کی جائے تو قومی اسمبلی میں اس پر بحث شروع ہو چکی ہے منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزیرخزانہ نے بجٹ سے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے بتایا ہے کہ بجٹ پر بحث کے دوران سامنے آنے والے تمام نکات کو نوٹ کیا جا رہا ہے ( گویا انہوں نے یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ اراکین اسمبلی بجٹ سیشن کے دوران جو تجاویز دیں گے ان کا جائزہ لیا جائے گا اور اگر ضروری ہوا تو ان نکات کو بجٹ کی منظوری لینے سے قبل بجٹ کا حصہ بنا دیا جائے گا) اپنی بجٹ تقریر اور پوسٹ بجٹ بریفنگ میں وزیرخزانہ بجٹ کے مختلف نکات، اہداف، ترجیحات اور جذئیات وتفصیلات پر کافی کچھ قوم کے سامنے لا چکے ہیں یہ بات قابل غور ہے کہ یہ بجٹ ایک ایسے وقت میں لایا گیا ہے جب ملک میں اب تک سیاسی بحران موجود ہے اور نہ صرف سیاسی بحران موجود ہے بلکہ معاشی صورتحال بھی اطمینان بخش نہیں آئی ایم ایف کے تمام مطالبات اور شرائط پوری ہونے کے باوجود جائزہ التواء کا شکار ہے حکومت کے سامنے چیلنجز اور مشکلات بہت زیادہ تھیں مسائل بہت زیادہ اور وسائل انتہائی محدود بلکہ نہ ہونے کے برابر اب حکومت کو چاہیئے کہ وہ بجٹ میں تعین اہداف کے حصول کی جانب متوجہ ہو جاری اقدامات کا سلسلہ مزید بڑھا دیا جائے تا کہ اہداف کا حصول یقینی ہو ساتھ ہی ساتھ عام آدمی کی ریلیف کو بھی کسی صورت نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے اس وقت ہم اپنی تاریخ کی بلند ترین مہنگائی کا سامنا کر رہے ہے گزشتہ روز اسٹیٹ بینک نے شرح سود اکیس فیصد پر برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مئی کے مہینے میں مہنگائی اپنے عروج پر رہی تاہم توقع ہے کہ جون اور اس کے مابعد مہنگائی میں کمی آنا شروع ہو جائے گی۔ سٹیٹ بینک کے جاری کردہ بیان کے مطابق زری پالیسی کمیٹی نے اپنے اجلاس میں پالیسی ریٹ کو تبدیل نہ کرنے اور اکیس فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمیٹی نے نوٹ کیا کہ اپریل اور مئی کے بلند مہنگائی کے اعداد و شمار زیادہ تر توقع کے مطابق ظاہر ہوئے۔ کمیٹی نے صارفین اور کاروباری اداروں دونوں کی مہنگائی کی توقعات میں حالیہ نقطہ عروج سے ترتیب وار کمی بھی نوٹ کی۔ مزید یہ کہ کمیٹی توقع کرتی ہے کہ ملکی طلب کم رہے گی جسکا سبب سخت زری موقف، ملکی غیر یقینی کیفیت اور بیرونی کھاتے پر مسلسل دباؤ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی نے توقع ظاہر کی کہ سخت مانیٹری پالیسی، بے یقینی اور بیرونی کھاتوں پر مسلسل دباؤ کے درمیان ملکی طلب میں کمی رہے گی۔ اس پس منظر میں اور گرتے ہوئے رجحان کو دیکھتے ہوئے مانیٹری پالیسی کمیٹی کا خیال ہے کہ مئی 2023 میں افراط زر کی شرح 38 فیصد تک پہنچ گئی ہے اور کسی بھی غیر متوقع پیش رفت کو چھوڑ کر جون کے بعد سے اس میں کمی آنا شروع ہو جائے گی۔ کمیٹی نے نشاندہی کی کہ گزشتہ اجلاس کے بعد سے متعدد اہم پیش رفت ہو چکی ہیں۔ پہلی پیش رفت یہ ہے کہ عارضی قومی عشاریے کے تخمینوں سے ظاہر ہے کہ مالی سال 23 کے دوران قومی پیداوار میں نمایاں کمی ہوئی ہے۔ دوسری پیش رفت یہ ہے کہ کرنٹ اکاؤنٹ مارچ اور اپریل 2023 میں بیک ٹو بیک سرپلس ریکارڈ رہا جس سے زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ کچھ کم ہوا۔ تیسری پیش رفت یہ ہے کہ حکومت نے 9 جون کو مالی سال 2024 کا بجٹ پیش کیا جس میں مالی سال 2023 کے نظرثانی شدہ تخمینوں کے خلاف قدرے اعداد و شمار والے مالی مؤقف کا تصور کیا گیا ہے۔ چوتھی پیش رفت یہ ہے کہ حال ہی میں عالمی اجناس کی قیمتوں میں کمی اور مالی شرائط میں نرمی آئی ہے اور توقع ہے کہ قریب مدت تک وہ اسی طرح برقرار رہیں گی۔ توازن پر مانیٹری پالیسی کمیٹی مستقبل کی بنیاد پر مثبت حقیقی شرح سود کے ساتھ موجودہ مالیاتی پالیسی کو دیکھ رہا ہے جو کہ افراط زر کی توقعات کو لنگر انداز کرنے اور درمیانی مدت کے ہدف میں افراط زر کو کم کرنے کے لیے مناسب ہے۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی نے زور دیا کہ یہ آؤٹ لک موجودہ ملکی بے یقینی اور بیرونی خطرات کو مؤثر طریقے سے حل کرنے پر بھی منحصر ہے۔ کمیٹی نے نشاندہی کی کہ حقیقی ملکی ترقی میں بڑی تبدیلی کئی منفی مقامی اور بیرونی عوامل کی وجہ سے صنعت کی قدر میں اضافے میں نمایاں کمی سے آئی جبکہ سروسز کے شعبے نے کورونا سے متاثر ہونے کے بعد سب سے ست رفتاری سے ترقی کی زرعی شعبے میں گزشتہ برس کے مقابلے ترقی کی رفتار کم تھی لیکن سیلاب کے بعد تخمینہ کی گئی ترقی سے بہتر ہوئی ہے مانیٹری پالیسی کمیٹی نے کہا کہ اقتصادی سرگرمیوں میں ست روی ہائی فریکوئنسی اشاریوں کے رجحانات خاص طور پر آٹو، پی او ایل اور مقامی سیمنٹ کی فروخت کے حجم میں دوہرے ہندسوں میں کمی اور رواں مالی سال کے دوران بڑے پیمانے پر مینوفیکچرنگ میں سکڑاؤ سے منسلک ہے ان رجحانات کی سخت پالیسی کے اثرات کی وجہ سے قریبی مدت میں جاری رہنے کی توقع تھی دوسری طرف موسم میں کوئی خراب تبدیلی نہ ہونے سے رواں مالی سال میں زرعی شعبے میں بہتری کارکردگی کا امکان ہے۔ زرعی شعبے کے لئے وفاقی حکومت نے حالیہ کچھ عرصے کے دوران غیر معمولی اقدامات اٹھائے اور اب اگلے مالی سال کے بجٹ میں بھی زرعی شعبے پر کافی توجہ مرکوز کی گئی ہے جو خوش آئند ہے اس کے نتیجے میں زرعی پیداواری اور مجموعی کارکردگی مزید بہتر ہوگی زرعی شعبہ ہماری معیشت میں انتہائی اہمیت کا حامل کردار ادا کر سکتا ہے زراعت سمیت جتنے بھی پیداواری شعبے ہیں ان پر مزید توجہ مرکوز کرنے اور پہلے سے جاری اقدامات میں مزید تیزی اور وسعت لانے کی ضرورت ہے باقی رہ گئی مہنگائی کی بات تو ہر چند کہ مہنگائی کا تعلق کسی ایک محرک سے نہیں بلکہ اس کی وجوہات بہت ساری ہیں تاہم پھر بھی لازم ہے کہ حکومت بڑھتی ہوئی مہنگائی کے آگے بند باندھنے کے لئے زیادہ حساسیت کے ساتھ متوجہ ہو ملک کی اکثریتی آبادی غریب اور مڈل کلاس طبقے پر مشتمل ہے ان طبقات کی ریلیف و آسانی کے لئے لازم ہے کہ وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ مزید اقدامات اٹھائے جائیں اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 14 JUN 2023 Page No: 20


## پر جوائے طوفان، بلوچستان اور سندھ کے متاثر ہونے کا خطرہ

سمندری طوفان بپر جوائے کراچی کے جنوب کی جانب گامزن ہے جس کے اثرات شہر میں نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔ سمندری طوفان کی تباہی اور جانی نقصان سے بچنے کے لیے سول انتظامیہ اور فوج پوری طرح حرکت میں آ گئے ہیں۔ طوفان کے پیش نظر ٹھٹھہ، بدین اور سجاول سمیت ساحلی پٹی سے انخلا تیز کر دیا گیا ہے، طوفان کی آمد سے قبل 90 ہزار افراد کا انخلا مکمل کرنے کا ٹارگٹ ہے جس کے باعث کیٹی بندر شہر خالی کرایا جا رہا ہے جبکہ بدین اور سجاول سے بھی لوگوں کی ریلیف کیمپوں میں منتقلی کی جا رہی ہے۔ کراچی کینٹ، بدین اور حیدرآباد سے پاک فوج کے دستے امدادی کارروائیوں میں حصہ لینے ساحلی علاقوں میں بھیجے گئے ہیں جبکہ میرین سکیورٹی، رینجرز اور منتخب نمائندے ساحلی پٹی سے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرانے میں مصروف ہیں۔ طوفان شمال اور شمال مغرب کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ سمندری طوفان کراچی کے جنوب سے 410 کلومیٹر اور ٹھٹھہ کے جنوب سے 400 کلومیٹر دور ہے۔ شمال مشرق میں انتہائی شدید سمندری طوفان ساحلی علاقوں سے مزید قریب آ گیا ہے، طوفان کے مرکز میں ہواؤں کی رفتار 150 سے 160 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے جب کہ طوفان کے مرکز میں ہواؤں کے جھکڑ 180 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار کو چھو رہے ہیں۔ سسٹم کے مرکز کے اطراف سمندر میں شدید طغیانی ہے اور مرکز کے گرد لہریں 30 فٹ تک بلند ہو رہی ہیں جبکہ سازگار ماحول سسٹم کو شدت برقرار رکھنے میں مدد کر رہا ہے۔ سمندری طوفان کے اثرات بھی نمایاں ہونے لگی ہیں، کراچی، ٹھٹھہ، بدین اور دیگر علاقوں میں شدید حبس ہے جبکہ کراچی کی ساحلی بستی چشمہ گوٹھ میں پانی سڑک کنارے تک پہنچ گیا ہے۔ ممکنہ سمندری طوفان بپر جوائے کے پیش نظر کراچی کے ساحلی علاقوں میں سمندر کے پانی کی سطح میں اضافہ ہو گیا ہے۔ چشمہ گوٹھ میں سمندر کے پانی میں مسلسل اضافے سے پانی چشمہ گوٹھ کی سڑک کنارے تک پہنچ گیا اور دوسری جانب رہائشیوں نے تاحال گھر خالی نہیں کیے ہیں۔ اسی طرح ابراہیم حیدری کے ساحل پر بھی نقل مکانی سمیت دیگر انتظامات نہیں کیے گئے ہیں، سمندری طوفان کے باعث تیز ہوائیں کمزور عمارتوں اور کچے مکانات کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، طوفان کے دوران کیٹی بندر اور اطراف میں لہریں 8 سے 12 فٹ بلند ہو سکتی ہیں جبکہ سندھ کی ساحلی پٹی پر لہریں 2 سے 2.5 میٹر تک بلند رہ سکتی ہیں، اسی طرح بلوچستان کی ساحلی پٹی پر لہریں 2 میٹر بلند ہو سکتی ہیں۔ گوادر، اورماڑہ، جیونی، پسنی کے بھی شدید متاثر ہونے کے خطرات کو رد نہیں کیا جا سکتا البتہ بلوچستان حکومت کی جانب سے ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے، ساحل سمندر پر جانے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ سب سے اہم یہ کہ سمندری طوفان کے دوران بہتر انتظامات ضروری ہیں تا کہ کسی قسم کا جانی و مالی نقصان نہ ہو کیونکہ بلوچستان اور سندھ پچھلی بارشوں اور سیلاب کے باعث بری طرح متاثر ہوئے تھے، جانی نقصانات ہوئے، مالداروں کی مویشیاں مر گئیں، زمینداروں کی فصلیں تباہ ہو گئیں، مکانات منہدم ہوئے۔ اب دوبارہ ایک آزمائش کا مرحلہ آ رہا ہے اگر بروقت اقدامات نہ اٹھائے گئے تو نقصانات کے خدشات کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے ضروری ہے کہ سمندری طوفان کے پیش نظر خطرات سے بروقت نمٹنے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے تا کہ کم سے کم نقصانات ہوں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No: 6 DATE: 14 JUN 2023 Page No: 21


## وزیراعلیٰ نوجوانوں کوروزگار کی فراہمی کیلئے پرعزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ نوجوانوں کوروزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے بھرتیوں کا عمل تیز کرنے اور منتخب ہونے والے نوجوانوں کو جلد سے جلد تقررنامے جاری کرنے کے لئے صوبائی وزراء اور سیکرٹری صاحبان کو واضح ہدایات جاری کردی ہیں۔ بلوچستان میں روزگار کے حوالے سے نجی شعبے کا کردار بہت محدود ہے۔ ضلع لسبیلہ کو چھوڑ کر صوبے کے دیگر شہروں میں صنعتیں اور نجی کمپنیاں نہ ہونے کی وجہ سے روزگار کی فراہمی کا سارا بوجھ صوبائی حکومت پر ہے وہ ہر سال بجٹ میں ہزاروں نئی آسامیاں تخلیق کرکے نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ رواں سال بھی ہزاروں نوجوانوں کوروزگار دیا گیا یہ عمل اب بھی جاری ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس ضمن میں جو ہدایات جاری کی ہیں ان پر ترجیحی بنیادوں پر عمل ہونا چاہئے تاکہ رواں مالی سال کے آخری مہینے میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ملازمتیں دی جائیں۔

## Masses expectations

The preparation of Balochistan government for annual budget 2023-24 is underway and it is expected the government will announce the budget on June 16th. The legislators are claiming that consultations are underway to include more public welfare schemes in the forthcoming budget to provide facilities to the masses and developing rural areas, particularly to those which were ignored in the past. Reportedly, the provincial government is focusing on construction of more roads. For many years, the Balochistan government presented a deficit budget and this time again according to media reports the provincial government will come up with a deficit budget. Before finalizing the upcoming provincial budget, the government must consult with financial experts who understand and are well-aware of Balochistan's problems. The provincial government has urged the public for the first time in history to identify the areas of investment in terms of priority which could improve the overall socio-economic situation in the province. In this regard the finance department must seek opinion and suggestions in making financial policies, resource allocation and fund utilization in the province. It is necessary that the government must give great importance to the views and suggestions of the masses in framing its policies and prioritizing strategies according to service areas provided by the authority and need of the citizens. Having a lack of maximum funds, it is essential that the government and its authorities must utilize public resources with utmost sincerity and carefulness. In many rural areas there is dire need of drinking water schemes, schools and healthcare centers while constructing sports complexes and unnecessary roads in such areas will be an unwise decision. It is also essential that the government must properly utilize funds and resources particularly in those areas which are most backward. The government must avoid neglecting or ignoring the constituencies of opposition members of Balochistan Assembly. The government must also focus on education, health and agriculture sectors while preparing the budget. Instead of constructing new roads the government must focus on completing ongoing projects and roads. In Quetta most of the roads are under construction which are not going to complete due to lack of funds and management. Hopefully, the provincial government will come up with a balanced budget and will not ignore the government employees. The provincial government ought to pursue a policy of austerity and take all possible steps to reduce all unnecessary expenditure to provide relief to the people.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 14 JUN 2023 Page No:________



کوئٹہ: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو لاپتہ افراد کے کمیشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمان کھیتران اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صحت میر نصیب اللہ مری سے وزیر اعلیٰ کے کوآرڈینیٹر اختر کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر زراعت میر اسد بلوچ سے لاء کالج کوئٹہ کے طلباء ملاقات کر رہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA


Bullet No.________ DATE: 14 JUN 2023 Page No:________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل تکاگوا یاسوشی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ڈی جی نیب بلوچستان ظفر اقبال ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں